پـــر درد نشیــنیـــم چـــه احــوال بــگــویــم
آں درد چــه پــرســی کــه بــر آں درد دوانیســت
مــــائیـــم خـــــرابیـــم در ایــں دار گـــرفتــــار
دردیســت در ایــں سیــنــه که جز دوست دوا نیست
عشـــاق نشیــنیـــم کـــــه دیـــدار بیــــابیـــم
بــنــمــائــے رخ خــویــش کــه این غیر شمانیستم
ســجـــاده نشیــنیــم و تسبیــح چـــه گـوئیـم
دستـــار چــه بــنــدیم کــه در قــلــب صفــا نیست
ســجـــاده بـــرآں مـــرد حــرام اســـت بــه تحقیق
مـــرده اســت در ایــں‌دار کـــه در عیــنــی نما نیست
مـــان عیــن هــمـــائیم کــه از این عشق رسیدیم
او مـــرد بـــرد مـــرده کـــه او عیــنــی هــمــانیسـت
هــرجــائیـکــه کــه رفیتـم بجز دوست نــه دیدیم
ایــں قــول کــه گفتیـم ثــوابســت خـطــانیسـت

"راجا" کہ برایں چشم عیاں دید نماں نیست
اما چہ توان کرد کہ آں چشم ترا نیست

درد

قلندرِ کبریا اپنی اس غزل میں عارفین کے درد کی تشریح و توضیح فرما رہے ہیں کیوں کی جب بندہ عارف کے سامنے اسرار حق کھل جاتے ہیں حالت بصارت میں کائنات کی بے شمار لطیف مخلوقات عیاں ہو جاتی ہیں اور حالتِ بصیرت میں قلب میں ولایتِ نورانیہ کا ظہور ہو جاتا ہے تو اس فانی دنیا میں ریا کار، دنیا پرست افراد کو دیکھ کر بندہ عارف ایک عجیب درد میں مبتلا ہو جاتا ہے میں درد میں پُر ہو چکا ہوں اور اس درد کے درمیان بیٹھا ہوں اب کیا احوال بتاوں اُس کے درد کے بارے میں کیا بتاؤں جس کی کوئی دوا نہیں ہے کیونکہ میں صرف اپنے معشوق کے عشق میں گرفتار ہوں اس درد سے جو بیماری ہے خرابی ہے اس کا علاج صرف میرے معشوق کے پاس ہے یہ ریا کار پیر سجادہ نشین کیا تسبیح پڑھتے ہیں کون سی دستار باندھتے ہیں ان

کے دل تو پاک ہے ہی نہیں...

اس منزل پر علامہ اقبالؒ کچھ اس طرح فرماتے ہیں کہ

دل سوز سے خالی نگاہ پاک نہیں ہے
اس میں کیا عجب کہ تو بے باک نہیں ہے
کیا صوفی و ملّا کو خبر میرے جنوں کی
ان کا سرِ دامن ابھی چاک نہیں ہے

اسی لیے ہمیشہ فقراء نے ملاّ ازم اور صوفی ازم جسے ہم Clergy بھی کہتے ہیں اُس کی مخالفت کی ہے. کیونکہ عرفان کی منزل پر ریاکاری ،خودنمائی، انا پرستی حرام ہے .اور فقراء کو اس حبِ دنیا سے کیا واسطہ ہے پھر کجا قلندرِ کبریا! سجادہ نشین مرد کی تحقیق میں آ ہی نہیں سکتا.یعنی اُسے مرد کہنا ہی حرام ہے..

کیوں کی وہ مردہ ہے کیوں اُسے معرفتِ حقیقت کا مشاہدہ نہیں ہے اور نہ ہی اُس کے وجود باطن میں معرفت آشکار ہوئی ہے

ہم معرفت کی وہ ہما ہیں جو اُس مرد کے سر پر بیٹھتی ہے جو عشق کے اسرار